# والدین کی تنظیم کیا ہے؟

## قانونی پس منظر

کسی منظور شدہ سکول کے طلباء کے والدین اپنے آپ میں سے افراد کو منتخب کر کے اس سکول کیلئے والدین کی ایک تنظیم قائم کر سکتے ہیں اور اس سکول کے طلباء کے تمام والدین اس تنظیم کے ممبر بن سکتے ہیں۔ ایجوکیشن ایکٹ (1)1998,26
بورڈ اس سکول، اس سکول کے طلباء کے والدین اور مقامی لوگوں کے درمیان تعلق کو فروغ دے گا اور ایسے والدین کو جو والدین کی ایک تنظیم قائم کرنے کے خواہشمند ہوں اور قائم ہو جانے کے بعد والدین کی تنظیم کو ہر طرح کی سہولیات اور مناسب معاونت فراہم کرے گا۔ ایجوکیشن ایکٹ (3)1998,26

- والدین کی تنظیم ایک ایسا نظام ہے جس کے ذریعے بچوں کے والدین / سرپرست اپنے بچوں کی بہترین تعلیم کیلئے مل بیٹھ کر اکھٹے کام کر سکتے ہیں۔ سکول کے تمام بچوں کے والدین / سرپرست اس تنظیم کے ممبر ہوتے ہیں جن میں سے چند والدین کو منتخب کر کے ایک کمیٹی تشکیل دی جاتی ہے۔
- والدین کی تنظیم گھر اور سکول کے درمیان موئثر شراکت داری قائم کرنے کیلئے پرنسپل، سٹاف اور بورڈ آف مینجمنٹ کے ساتھ مل کر کام کرتی ہے۔
- سکول کے امور میں والدین کی شمولیت پر کی جانے والی تحقیق ثابت کرتی ہے کہ جب والدین اور اساتذہ مل کر کام کرتے ہیں تو بچے بہتر نتائج حاصل کرتے ہیں۔

## والدین کی تنظیم کیا کرتی ہے؟

ایجوکیشن ایکٹ 1998 کے مطابق والدین کی تنظیم بورڈ، پرنسپل، اساتذہ اور سکول کے طلباء کے تعاون سے سکول میں طلباء کی دلچسپیوں کو فروغ دے گی اور اس مقصد کیلئے سکول سے متعلقہ کسی بھی معاملے میں پرنسپل یا بورڈ کو مشورہ بھی دے سکتی ہے اور متعلقہ پرنسپل یا بورڈ ایسے مشورے کا احترام کرے گا۔

- والدین کی تنظیم کو سکول کی پالیسیوں، مثلاً غنڈہ گردی یا دھونس کے خلاف پالیسی، ضابطۂ اخلاق وغیرہ، کے قیام اور جائزے کیلئے پرنسپل اور اساتذہ کے ساتھ مل کر کام کرنا چاہئے۔
- والدین کی تنظیمیں بورڈ آف مینجمنٹ کی منظوری سے غیر نصابی سرگرمیوں جیسا کہ ناچ گانے کی کلاسز، کھیلوں کے پروگرام، سماجی سرگرمیاں وغیرہ کا اہتمام یا تجویز پیش کر سکتی ہیں۔
- والدین کی تنظیم سکول میں والدین کیلئے معاونت فراہم کرتی ہے۔
- والدین کی تنظیم کسی خاص مسئلے یا موضوع پر والدین سے خطاب کرنے کیلئے مقررین کو دعوت دے سکتی ہے۔

## والدین کی تنظیم کیا نہیں کرتی؟

والدین کی تنظیم کسی مخصوص استاد یا والدین کے خلاف شکایت کرنے کا فورم نہیں ہے۔ اس کام کیلئے الگ سے شکایات کا ایک طریقہ کار موجود ہے۔

# والدین کی تنظیم کا قیام
## آغاز کیسے کیا جائے

آپ کے بچے کے سکول میں والدین کی تنظیم کے قیام کیلئے 3 طریقے ہیں۔

- پہلے مرحلے میں والدین کا ایک گروپ مل کر پرنسپل یا بورڈ آف مینجمنٹ کی معاونت سے ابتدائی منصوبہ بندی کر سکتا ہے۔
- پرنسپل والدین کی تنظیم کے قیام کے سلسلے میں تمام والدین کی ایک میٹنگ کا اہتمام کرنے کیلئے درخواست کر سکتا ہے کہ رضا کار سامنے آئیں اور کام کرنے والوں کا ایک گروپ تشکیل دیں۔
- بورڈ آف مینجمنٹ کا سربراہ یا بورڈ میں موجود والدین کے نمائندگان تمام والدین کو میٹنگ میں مدعو کر سکتے ہیں۔

## اگلا مرحلہ؟

- ایک اجلاس طلب کریں جس میں سکول کے تمام بچوں کے والدین اور سرپرستوں کو مدعو کریں۔
- اس میٹنگ کیلئے صدر کا انتخاب کریں۔ یہ بورڈ آف مینجمنٹ کا سربراہ، بورڈ میں موجود والدین کے نمائندگان میں سے کوئی فرد، پرنسپل یا کوئی والد/ والدہ ہو سکتا ہے۔
- والدین میں سے ہی امیدوار طلب کرکے ایک کمیٹی کا انتخاب کیا جاتا ہے جسے سکول میں والدین کی زیادہ سے زیادہ نمائندگی حاصل ہو۔
- یہ کمیٹی اپنے پہلے اجلاس میں اپنے افسران، صدر، نائب صدر، سیکرٹری، خزانچی اور دیگر ضروری افسران کا انتخاب کرے گی۔
- نئی کمیٹی کا ایک کام قوانین (آئین) وضع کرنا ہے جس کے تحت والدین کی تنظیم کام کرے گی۔ اس کیلئے "Working Effectively as a Parent Association" کتابچہ ملاحظہ کریں جو NPC سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔
- اگلے سالانہ عمومی اجلاس میں یہ آئین والدین کی اکثریت سے لازماً پاس ہونا چاہئے۔

## مزید معلومات اور معاونت

NPC والدین کی نئی تنظیموں کو والدین کی تنظیم کے کردار اور فرائض کے بارے میں ٹریننگ فراہم کرتی ہے اور اگر آپ ایسی ٹریننگ لینے کا فیصلہ کرتے ہیں تو ہمیں آپ کی مدد کر کے خوشی ہو گی۔ برائے مہربانی ہمارے ٹریننگ اینڈ ڈویلپمنٹ سیکشن سے 01-8874475 پر رابطہ کریں یا training@npc.ie پر ای میل کریں۔
والدین کی تنظیموں کے بارے میں مزید معلومات کیلئے برائے مہربانی "Working Effectively as a Parent Association" راہنما اصول ملاحظہ فرمائیں جو www.npc.ie پر دستیاب ہیں اور کریڈٹ کارڈ کے ذریعے آن لائن یا 10 یورو فی کاپی کے حساب سے (بشمول چھپائی اور ڈاک خرچ) نیشنل پیرنٹس کونسل پرائمری سے خریدے جا سکتے ہیں۔ اس مقصد کیلئے برائے مہربانی اپنا نام اور پتہ چیک یا پوسٹل آرڈر کے ہمراہ ارسال کریں۔ یہ راہنما اصول NPC سے پہلی مرتبہ الحاق کرنے والی والدین کی تنظیموں کیلئے مفت ہیں۔

نیشنل پیرنٹس کونسل پرائمری، 12 مارلبورو کورٹ ، ڈبلن 1
ٹیلی فون : 01 8874034  فیکس : 01 8874489
ای میل : info@npc.ie ویب سائٹ : www.npc.ie
انفارمیشن / ہیلپ لائن : 01 8874477  ای میل : helpline@npc.ie